# Fair Fares NYC اور ایکسیس اے رائیڈ کے بارے میں اکثر پوچھے گئے سوالات (Urdu)

**1. میں MTA کے ایکسیس اے رائیڈ (Access-A-Ride, AAR) کا گاہک ہوں۔ میں Fair Fares NYC (FFNYC) کے لیے کس طرح سائن اپ اور AAR کی ٹرپس پر ڈسکاؤنٹ حاصل کر سکتا ہوں؟**

www.nyc.gov/fairfares پر جا کر دیکھیں کہ آیا آپ FFNYC کے لیے اہل ہیں۔ اگر آپ اہل ہیں تو، آپ اپنا AAR ID نمبر فراہم کر کے FFNYC کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر MTA آپ کے AAR ID کی تصدیق کرتا ہے، اور آپ منظور ہو جاتے ہیں تو، آپ کو AAR کی ہر رائیڈ پر 50% کا ڈسکاؤنٹ ملے گا۔

**2. میں AAR کا گاہک ہوں، اور میں پہلے سے ہی FFNYC میں مندرج ہوں۔ میں AAR پر FFNYC NYC کے ڈسکاؤنٹ کا استعمال شروع کرنے کے لیے کس طرح سائن اپ کر سکتا ہوں؟**

اپنے اکاؤنٹ میں www.nyc.gov/accessfairfares پر لاگ ان کریں اور "Update Access-A-Ride Information" (ایکسس اے رائیڈ کی معلومات کو اپ ڈیٹ کریں) پر کلک کریں۔ اپنے AAR پر FFNYC کا اپنا ڈسکاؤنٹ لاگر کونے کے لیے اسکرین پر درج ہدایات پر عمل کریں۔

**ایکسیس اے رائیڈ والی گاڑیاں آپ کا Fair Fares NYC MetroCard قبول نہیں کریں گی۔ ڈسکاؤنٹ حاصل کرنے کے لیے آپ کو اپنا اکاؤنٹ اپ ڈیٹ کرنا ضروری ہے۔**

**3. مجھے AAR ٹرپس پر FFNYC کا میرا ڈسکاؤنٹ کب ملنا شروع ہوگا؟**

آپ کو FFNYC سے منظوری ملنے، اور MTA کی طرف سے AAR کی آپ کی معلومات کی تصدیق ہو جانے کے بعد آپ کو AAR کی ٹرپس پر FFNYC کا ڈسکاؤنٹ ملنا شروع ہوگا۔

آپ اپنے اکاؤنٹ پر www.nyc.gov/accessfairfares پر لاگ ان کر کے AAR کے اپنے ڈسکاؤنٹ کی حالت چیک کر سکتے ہیں۔ آپ کا AAR کا ڈسکاؤنٹ اندراج کے ایک ہفتے کے بعد شروع ہوگا۔

**4. میں AAR پر FFNYC کا اپنا ڈسکاؤنٹ کیسے استعمال کروں؟**

آپ کے FFNYC ڈسکاؤنٹ کو AAR کے آپ کے اکاؤنٹ میں شامل کر دینے پر، ڈسکاؤنٹ خود بخود لاگو ہو جائے گا۔ AAR آپ سے صرف آدھا کرایہ وصول کرے گا۔

**5. میرے FFNYC سب وے اور بس ڈسکاؤنٹ کا کیا ہوتا ہے؟**

FFNYC کا آپ کا ڈسکاؤنٹ آپ کے AAR پر لاگو ہو جانے پر، FFNYC کا آپ کا سب وے اور بس ڈسکاؤنٹ ختم ہو جائے گا۔ آپ اس ڈسکاؤنٹ کو سب ے اور بسوں پر MTA کے تخفیف شدہ کرایہ (MTA Reduced-Fare) کے ذریعے استعمال کر سکتے ہیں۔

**6. کیا FF NYC پیراٹرانزٹ ٹرپس کے لیے ادائیگی کرنے کے واسطے مجھے ایک OMNY کارڈ دے گا؟**

نہیں۔ اگر آپ AAR پروگرام میں مندرج ہیں تو AAR آپ کو ایک OMNY کارڈ دے گا۔

**(صفحہ پلٹیں)**

**7. اگر FFNYC میں میرا اندراج ختم ہو جاتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟**

اگر آپ کا اندراج ختم ہو رہا ہے تو FFNYC آپ کو ایک نوٹس بھیجے گا۔ نوٹس سے آپ کو وجہ اور آپ کا اندراج ختم ہونے کی تاریخ معلوم ہوگی۔ آپ کا اندراج ختم ہو جانے پر، آپ AAR کا استعمال کرتے وقت پورے کرایے کے ذمہ دار ہوں گے۔ اگر آپ کی صورتحال تبدیل ہو جاتی ہے، اور آپ دوبارہ اہل ہو جاتے ہیں تو، آپ FFNYC کے لیے دوبارہ درخواست دے سکتے ہیں۔

**8. اگر AAR کا میرا اندراج ختم ہو جاتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟**

اگر AAR میں آپ کا اندراج ختم ہو جاتا ہے تو، براہ کرم www.nyc.gov/accessfairfares پر لاگ ان کر کے اور "Update Access-A-Ride Information" پر کلک کر کے ہمیں بتائیں۔

اگر آپ کے پاس کوئی دیگر ٹرانزٹ ڈسکاؤنٹ نہیں ہے تو آپ FFNYC سب وے اور بس ڈسکاؤنٹ کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اگر آپ MTA کے تخفیف شدہ کرایہ پروگرام کے لیے اہل ہیں تو، سب وے اور بسوں پر ڈسکاؤنٹ پانے کے لیے آپ کو اس میں اندراج کروانا ضروری ہے۔

**9. میں FFNYC کے بارے میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کروں؟**

اگر FFNYC کے بارے میں آپ کے سوالات ہوں تو براہ کرم **311** پر کال کریں۔ مزید معلومات کے لیے آپ www.nyc.gov/fairfares کو بھی ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

**10. معذوری کی وجہ سے FFNYC کے لیے درخواست دینے کے لیے اگر مجھے مدد درکار ہو تو کیا ہوگا؟**

معذوری کی وجہ سے اگر آپ کو FFNYC کی اپنی درخواست مکمل کرنے یا اپنی دستاویزات جمع کرانے میں مدد درکار ہو تو براہ کرم 311 پر کال کریں۔

**اگر Fair Fares NYC پروگرام کے بارے میں آپ کا کوئی سوال ہو تو براہ کرم 311 پر کال کریں۔**
**Fair Fares NYC پروگرام کے بارے میں مزید معلومات کے لیے**
**آپ nyc.gov/fairfares بھی ملاحظہ کر سکتے ہیں۔**